Office de la qualité et de la responsabilité en éducation
OQRE

Education Quality and Accountability Office
EQAO

گریڈ 6

سوالات و جوابات برائے والدین

1. گریڈ 6 کے جائزے میں کس چیز کی جانچ کی جاتی ہے؟

گریڈ 6 کے جائزے میں پڑھنے، لکھنے اور ریاضی کی ان مہارتوں کا تعین کیا ہے جن کی *دی اونٹاریو کریکولم* (*The Ontario Curriculum*) کے مطابق بچے سے جونیئر ڈویژن کے اختتام تک سیکھے جا چکنے کی توقع کی جائے۔

2. گریڈ EQAO 6 ان ٹیسٹوں سے کس طرح مختلف ہے جو میرا بچہ کلاس میں پہلے ہی لکھ چکا ہے؟

کلاس روم کے ٹیسٹوں اور EQAO جانچوں کے اہداف مختلف ہیں اور وہ مختلف طرح کی معلومات فراہم کرتی ہیں۔

کلاس روم کی جانچیں

- اندازہ لگاتی ہیں کہ طلباء نے مخصوص معلومات کو کتنی اچھی طرح سیکھا ہے اور وہ مخصوص تعلیمی سال میں کتنی بار واقع ہوتی ہیں؛
- طلباء کی سکھلائی سے متعلق ایسی فوری معلومات فراہم کرتے ہیں جنھیں اساتذہ اپنے کلاس رومز میں تدریسی تدابیر میں تبدیلی لانے کے لیے استعمال کر سکیں؛
- اساتذہ آزادانہ طور پر وضع کرتے ہیں، ان پر عمل در آمد کراتے ہیں اور ان پر سکوردیتے ہیں اور ان میں الگ الگ طلباء کے بارے میں اساتذہ کی واقفیت کی بنیاد پر موضوعی گریڈنگ کے عناصر بھی ہو سکتے ہیں اور
- وہ ایسے نتائج دے سکتی ہیں جن کا موازنہ اسکول، بورڈ یا ریاست کے معیار سے نہ کیا جا سکتا ہو۔

EQAO جائزے

- طلباء کی تعلیم کے کلیدی مرحلوں میں ریاستی معیار کی بنیاد پر ان کے مجموعی علم اور مہارتوں کا اندازہ لگاتے ہیں؛
- طلباء کی آموزش سے متعلق ایسی سالانہ معلومات فراہم کرتے ہیں جو اساتذہ، سکول، سکول بورڈ اور ریاست بہتری کی پیش رفت اور منصوبے کی نگرانی کے لیے استعمال کر سکتے ہیں؛
- کو اونٹاریو کے اساتذہ وضع کرتے ہیں اور ان پر عمل در آمد کراتے ہیں؛
- اونٹاریو کے اساتذہ اور دیگر مخصوص تربیت یافتہ افراد موزوں اور معروضی انداز میں سکوردیتے ہیں اور
- یہ ایسی معلومات فراہم کرتی ہیں جن کا موازنہ سال بہ سال اسکول، بورڈ اور ریاست کے معیار سے کیا جا سکتا ہے۔

3. کیا تمام طلباء کے لیے گریڈ 6 جائزہ میں شرکت ضروری ہے؟

ریاستی جانچیں اونٹاریو سرکاری تعلیمی پروگرام کا حصہ ہیں۔ گریڈ 6 کے تمام طلباء کے لیے جو سرکاری مالی سرپرستی میں چلنے والے سکولوں میں پڑھتے اور دی اونٹاریو کیریکولم پر عمل کرتے ہیں ان کے لیے *دفتر برائے احتساب و معیار تعلیم ایکٹ* (*The Education Quality and Accountability Act*) کی رو سے گریڈ 6 جائزہ لکھنا ضروری ہے۔

4. گریڈ 6 جائزے میں خصوصی تعلیم کی ضروریات والے طلباء کی مدد کیسے کی جاتی ہے؟

مخصوص تعلیمی ضروریات والے طلباء کو جو انفرادی تعلیم کے منصوبے (Individual Education Plan – IEP) میں شامل ہوں انہیں گریڈ 6 جائزے میں جگہ دی جاتی ہے جس کی اجازت EQAO دیتی ہے اور جو ان کے کلاس روم جائزوں کے لیے ان کی مسلسل مشق سے ہم آہنگ ہوتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے آپ EQAO کا *رہنما برائے رعایت، خصوصی سہولیات اور استثنیات* (*Guide for Accommodations, Special Provisions and Exemptions*) دیکھ سکتے ہیں۔

5. گریڈ 6 جائزے میں انگریزی زبان کے طلباء کی مدد کیسے کی جاتی ہے؟

انگریزی زبان کے طلباء کو ایسی خصوصی شقوں کی اجازت ہے جس کے تحت گریڈ 6 جائزے میں EQAO سے ملی ہوئی ہو اور جو کلاس روم کے جائزےکی مسلسل مشق سے ہم آہنگ ہوں۔ مزید معلومات کے لیے آپ EQAO کا *رہنما برائے رعایت، خصوصی سہولیات اور استثنیات* دیکھ سکتے ہیں۔

6. کیا استثنا کی اجازت ہے؟
بعض حالات میں طلباء اگر EQAO کے مقررہ معیارات کی تکمیل کرتے ہوں تو انہیں گریڈ 6 جائزہ لکھنے سے مستثنی قرار دیا جا سکتا ہے۔

ریاستی جانچوں میں کسی طالب علم کی شرکت، رہائش اور خصوصی شقوں سے متعلق فیصلے سکول کی سطح پر سکول کا پرنسپل اور سکول ٹیم والدین یا سرپرست مل کر کرتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے آپ EQAO کا *رہنما برائے رعایت، خصوصی سہولیات اور استثنیات دیکھ سکتے ہیں۔*

7. گریڈ 6 جائزے پر کب عمل در آمد کرایا جاتا ہے؟
گریڈ 6 جائزہ خصوصاً مئی کے اواخر اور آغاز جون کے دوران دو ہفتوں میں لکھا جاتا ہے۔ ہر سکول جانچ کی مقررہ مدت کے دوران جانچ کی اپنی تاریخیں اور اوقات طے کرتا ہے۔

8. گریڈ 6 جائزے پر کیسے عمل در آمد کرایا جاتا ہے؟
گریڈ 6 جائزے پر خصوصی طور پر اونٹاریو کے ماہرین تعلیم جس میں خصوصاً طلباء کے کلاس روم ٹیچرز شامل ہوتے ہیں پابندی سے پورے اونٹاریو میں عمل در آمد کرایا جاتا ہے۔ طلباء کو جائزے کے چھ حصوں میں سے ہرایک کو مکمل کرنے کے لیے تقریباً ایک گھنٹے کا وقت دیا جاتا ہے۔ جائزے کے کتابچوں کے نمونے ہماری ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

EQAO ریاستی جائزاتی پروگرام کو آن لائن لانے کے لیے طویل مدتی پروجیکٹ پر کام کر رہا ہے۔

9. اگر میرا بچہ EQAO ٹیسٹ کے دنوں میں غیر حاضر رہے تو کیا ہوگا؟
اگر آپ کا بچہ/بچی گریڈ 6 جائزے پر عمل در آمد کے دنوں میں غیر حاضر رہتا/رہتی ہے تو سکول صرف مقررہ جائزاتی مدت کے دو ہفتوں کے اندر ہی اس کی واپسی پر جائزہ لکھنے کا انتظام کر سکتا ہے۔ اگر آپ کا بچہ/بچی اس مدت کے اندر واپس نہیں آتا/آتی تو وہ جائزے میں شرکت نہیں کر پائے گا۔

وہ طلباء جن سے جائزے میں شرکت کی توقع کی جاتی ہے لیکن وہ ایسا نہیں کرتے تو نتائج کی عوامی اطلاع دہندگی میں انہیں شامل کیا جائے گا۔ چونکہ سرکاری سرپرستی والا تعلیمی نظام ہر طالب علم کے لیے ذمہ دار ہے، EQAO ہر طالب علم کے بارے میں اطلاع دیتا ہے۔ اگر کوئی طالب علم EQAO کے اصولوں کے تحت مستثنی نہ ہو اور جائزہ نہ لکھے تو اسے غیر حاضر شمار کیا جائے گا، لہذا EQAO کی رپورٹنگ میں اس سے متعلق کوئی معلومات نہیں دی جائے گی۔

10. میرے بچے کو EQAO جائزے کے لیے کیسے تیاری کرنی چاہیے؟
چونکہ گریڈ 6 جائزہ 100 فیصد *دی اونٹاریو کیریکولم* پر مبنی ہےکوئی، خصوصی تیاری ضروری نہیں ہے۔ جائزے کے ڈھانچے اور پوچھے جانے والے سوالات کی نوعیت سے واقف ہونے کے لیے آپ جائزے کے جانچ کے کتابچے کے نمونے دیکھ سکتے ہیں۔

11. EQAO کے جائزوں پر سکور کیسے دیا جاتا ہے؟
تمام EQAO کے جائزوں، ملٹیل چوائس (کثیر النتخابی) جوابات پر مشین سے سکوردیے جاتے ہیں۔ گریڈ 6 جائزے میں کھلے جوابات والے سوالوں پر اونٹاریو کے خصوصی تربیت یافتہ اور اہلیتی جانچ میں کامیاب ہونے والے ماہرین تعلیم سکوردیتے ہیں۔ یہ ویڈیو EQAO ٹیسٹ بنائے، دئیے اور سکور کیے جاتے ہیں (How EQAO Tests Are Created, Administered and Scored) کی مزید تفصیل بیان کرتا ہے۔

12. مجھے اپنے بچے کے نتائج کب ملیں گے؟
جائزہ لکھنے والے ہر طالب علم کو انفرادی رپورٹ برائے طالب علم (Individual Student Report – ISR) اگلے تعلیمی سال کے خزاں میں ملے گی جس میں اس کے نتائج کا خاکہ دیا گیا ہوگا۔ مزید معلومات کے لیے یہ نمونے کا ISR دیکھیں۔

تمام EQAO کے جائزوں کے ریاستی نتائج کی رپورٹ بھی جائزے کے بعد خزاں میں دی جاتی ہے۔ سکول اور سکول بورڈ کے نتائج EQAO کی ویب سائٹ پر شائع کیے جاتے ہیں۔

EQAO .13 کے نتائج کی اطلاع کیسے دی جاتی ہے؟

جونیئر ڈویژن کے جائزے کے نتائج کی اطلاع ریاست کی کارکردگی کی چار سطحوں کے مطابق دی جاتی ہے۔ یہ کارکردگی کی وہی سطحیں ہیں جنھیں اساتذہ طلباء کی کارکردگی کی اطلاع دینے کے لیے کلاس روم اور رپورٹ کارڈوں میں استعمال کرتے ہیں۔ ریاستی معیار سطح 3ہے جو B– سے B+کی حد میں کارکردگی سے مطابقت رکھتی ہے۔

جائزے میں معیار پر پورے اترنے یا اس سے آگے بڑھنے (یعنی سطح 3 یا 4 کا حصول) والے طلباء نے زیادہ تر یا پوری طرح اس واقفیت یا مہارتوں کا مظاہرہ کیا ہے جس کی توقع ان سے تعلیم کے موجودہ مرحلے پر کی جاتی ہے۔
مزید تفصیل کے لیے براہ مہربانی بچے کے نتائج سمجھنے کے لیے والدین کی رہنمائی (A Parent’s Guide to Understanding Your Child’s Results) پڑھیں۔

14.کیا میرے بچے کے EQAO کے نتائج کو اس کے گریڈ میں شمار کیا جائے گا؟

الیمنٹری اسکول میں صوبائی جائزے کے نتائج طلباء کے گریڈز میں شمار نہیں کیے جاتے ہیں۔ صوبائی جائزے رپورٹ کارڈ پر دیے گئے گریڈز کے ہمراہ غور کرنے کے لیے اضافی معلومات فراہم کرتے ہیں تاکہ طالب علم کی آموزش کا تعین ہو سکے اور اس کا فیصلہ کیا جا سکے کہ کس طرح کی اضافی مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

15.کیا نتائج قابل قبول اور معتبر ہوتے ہیں؟

ہاں۔ EQAO کی جانچوں کی تشکیل، نگرانی، اور معیار کی یقین دہانی کے پراسیس دنیا کے بہترین پراسیس میں سے ہیں اور وہ اس ادارے کے اعداد و شمار کی قبولیت اور معتبریت کی ضمانت دیتے ہیں۔ EQAO جائزے کے دورانیے کے ہر مرحلے پر معتبریت کی جانچ کراتا ہے — جائزوں کی تشکیل سے لے کر اساتذہ کی طرف سے سکوردیے جانے اور نتائج کی اطلاع دی جانے تک۔ EQAO اپنے اعداد و شمار کی درستگی کو سب سے زیادہ اہمیت دیتا ہے۔

16.میں اپنے بچے یا بچی کی آموزش میں مدد کرنے کے لیے اس کےEQAO نتائج کو کیسے استعمال کر سکتا ہوں؟

طالب علم کی آموزش کے تعین میں مختلف قسم کی معلومات پر غور کرنا ضروری ہے۔ طالب علم کی آموزش کے تعین کے معاملے میں وسیع معلومات پر غور کرنا ضروری ہے۔ بچے یا بچی کی آموزش کا اندازہ اور اس کا فیصلہ کرنے کے لیے کہاں پر زیادہ مدد کی ضرورت پڑ سکتی ہےEQAO کے نتائج پر نظر ثانی اس کے کلاس روم کے کام اور دیگر جائزے اور سیاقی معلومات کے ہمراہ کیا جانا چاہیے۔

ان طلباء کے لیے جو گریڈ 6 میں ریاستی معیار پر پورے نہیں اترے اساتذہ اور والدین کے لیے اس پر بات کرنا خاص طور پر ضروری ہے کہ آموزشی خلاؤں کے کیسے پُر کیا جائے۔ EQAO کے طلباء کے اعداد و شمار کی زمرہ بندی سے صاف ظاہر ہے کہ ابتدائی گریڈوں میں معیار پر پورے نہ اتر سکنے والے طلباء کے بعد کے گریڈوں میں مسلسل محنت کرنے کا کافی زیادہ امکان ہوتا ہے۔

17.میرے بچے کے سکول کے نتائج مجھے کیا بتاتے ہیں؟

سکول کے نتائج آپ پر یہ ظاہر کرتے ہیں کہ آپ کے سکول کے بچوں کی کارکردگی آپ کے سکول بورڈ اور پورے ریاست کے بچوں کے مقابلے میں کیسی ہے۔ یہ نتائج دیگر طلباء کے مقابلے میں آپ کے بچے کی کارکردگی کو سمجھنے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں اور طالب علم کی کارکردگی میں تعاون سے متعلق گفتگو کرنے کے لیے آپ کو تیار کرتے ہیں۔ اپنے اسکول کے نتائج پر نظر ڈالتے ہوئے پوچھے جانے والے چھ سوالات (Six Questions to Ask When Looking at Your School's Results) یہاں دیے جا رہے ہیں۔

اپنے بچے کے سکول میں آموزشی پروگراموں کو تقویت دینے کے لیے آپ EQAO کے نتائج کی اہمیت سے متعلق اپنے بچے کے استاذ یا پرنسپل سے بات کر سکتے ہیں۔ پورے اونٹاریو کے سکول کلاس روم کے دیگر اعداد و شمار مثلاً رپورٹ کارڈ کے گریڈز، حاضری کے شرحوں اور سیاقی معلومات کے ہمراہ ان کی بہتری کے منصوبوں کو تیار کرنے کے لیے EQAO ڈیٹا کا استعمال کرتے ہیں۔

18.اگر میرا بچہ جائزے میں ناکام ہو جائے تو کیا ہوگا؟

پڑھنے، لکھنے یا ریاضی میں ریاستی معیار کے تکمیل نہ کرنے والے طلباء کے نتائج پر گفتگو کرنا اور کسی بھی آموزشی خلا کو پُر کرنے کے لیے اساتذہ اور والدین کا مل کر کام کرنا ضروری ہے۔ جونیئر ڈویژن کے جائزے کو طلباء کے گریڈز میں شمار نہیں کیا جاتا۔

19. اونٹاریو کو ریاست گیر جائزوں کی ضرورت کیوں ہے؟

طالب علم، اسکول، اسکول بورڈ اور ریاستی سطحوں پر بہتری کی منصوبہ بندی کے لیےEQAO نتائج اونٹاریو نظام تعلیم میں ذمہ داری کا کلیدی اقدام اور ہم ذریعہ ہیں۔ مسلسل بہتری کے لیے سنجیدہ کسی سکولی نظام کو لازماً طلباء کی کارکردگی کا ایسا نظام گیر ثبوت پیش کرنا چاہیے جو معروضی اور معتبر ہو۔ جائزے کے نتائج ان گوشوں کو نمایاں کرتے ہیں جہاں طلباء کو اضافی مدد کی ضرورت ہو سکتی ہو۔ ماہرین تعلیم، سکول، بورڈ اور ریاست ان اعداد و شمار کا استعمال تدریسی و آموزشی اقدامات کے پیش نظر کرتے ہیں۔